یہاں ہر شخص کا استقبال ہے

# بروکلن پبلک لائبریری گائیڈ

## لائبریری کارڈ

لائبریری کارڈ ہر ایک کے لیے مفت ہے۔ آپ اپنے کارڈ کا استعمال مادی مواد، ای بُکس اور آڈیو بکس، مستعار لینے اور تعلیمی وسائل تک آن لائن رسائی حاصل کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے لیے کمپیوٹر ریزرو کر سکیں گے، پرنٹ کر سکیں گے اور فوٹو کاپی بھی بنا سکیں گے۔ آپ اپنے لائبریری کارڈ کا استعمال بروکلن میں کسی بھی مقامی برانچ میں کر سکتے ہیں۔

***bklynlibrary.org/use-the-library***

***bklynlibrary.org/locations***

## لائبریری کا مواد کیسے لیا جائے

آپ ایک ہی وقت میں ۵۰ تک مادی آئٹمز اور ۲۰ تک قابل ڈاؤن لوڈ ٹائٹلز (ای بُکس اور آڈیو بُکس) مستعار لے سکتے ہیں۔ آپ کتابیں، ای بُکس، DVDs، اور CDs تین ہفتوں کے لیے مستعار لے سکتے ہیں۔ آپ رسائل ایک ہفتہ کے لیے مستعار لے سکتے ہیں۔ آپ کسی بھی مادی آئٹم کے لیے ۱۵ بار تک تجدید کرا سکتے ہیں سوائے اس کے کہ کوئی اور شخص اس کا انتظار کر رہا ہو۔

***bklynlibrary.org/borrow***

## ریزرو مواد رکھنے کا طریقہ

آپ لائبریری تشریف لا کر یا لائبریری کو کال کرکے، یا اپنے اکاؤنٹ میں آن لائن لاگ ان کرکے، کسی بھی آئٹم کو ہولڈ پر رکھ سکتے ہیں۔ لائبریری کی اشیاء کسی بھی بروکلن پبلک لائبریری مقامی برانچ کو بھیجی جا سکتی ہیں۔ جب آپ کا آئٹم تیار ہوگا، لائبریری آپ کو اطلاع دینے کے لیے ای میل، ٹیکسٹ یا کال کرے گی۔ اپنے مواد لے کر جانے کے لیے آپ کے پاس سات دنوں کا وقت ہوگا۔

***bklynlibrary.org/my-account***

## مواد واپس کرنا

جب آپ مادی آئٹمز لے کر جائیں گے تب آپ کی رسید میں آپ کے مواد واپس کرنے کی آخری تاریخیں درج ہوں گی۔ لائبریری اس صورت میں نوٹسیں ارسال کرے گی جبکہ آپ کے مواد کو واپس جمع کرانے کی آخری تاریخ آ گئی ہو یا اس پر زائد وقت گزر چکا ہو۔ یاد دہانیاں ای میل، ٹیکسٹ یا فون سے کرائی جاتی ہیں۔ آپ *bklynlibrary.org/my-account* میں لاگ-ان کر کے اپنے آئٹمز کی آخری تاریخ (تاریخیں) کبھی بھی دیکھ سکتے ہیں، نیز اطلاعات موصول کرنے کی اپنی ترجیحات تبدیل کر سکتے ہیں

کام کے اوقات کے دوران لائبریری کا میٹریل کسی بھی بروکلن پبلک لائبریری برانچ میں واپس کریں۔ بہت ساری برانچوں میں آؤٹ ڈور بُک ڈراپس کی سہولت بھی موجود ہے، لہذا آپ مواد اس وقت بھی واپس کر سکتے ہیں جبکہ برانچ بند ہو۔

***bklynlibrary.org/my-account***

***bklynlibrary.org/locations***

## فیس اور گم شدہ مواد

ہم لوگ تاخیر کے لیے یومیہ جرمانہ چارج نہیں کرتے ہیں لیکن ایسے آئٹمز جنہیں ان کے جمع کرانے کی آخری تاریخ کے بعد ۲۸ دنوں تک واپس نہ کیا گیا ہو انہیں گم شدہ مانا جائے گا۔ آپ سے اس آئٹم کی قیمت وصول کی جائے گی۔ آئٹم واپس کر دینے کی صورت میں ہم ان چارجز کو ہٹا دیں گے۔

جب تک چارجز ہٹا نہیں دیے جاتے آپ کوئی اور مادی آئٹمز مستعار نہیں لے سکیں گے۔ آپ فیس کسی بھی بروکلن پبلک لائبریری برانچ پر نقد، کریڈٹ کارڈ، یا چیک کے ذریعہ، یا کریڈٹ/ ڈیبٹ کارڈ کی مدد سے آن لائن ادا کر سکتے ہیں۔

***bklynlibrary.org/fees***

Bklyn Public Library

لائبریری پالیسیوں کی ہماری مکمل فہرست کے لیے، ہمیں آن لائن ***bklynlibrary.org/borrow*** پر دیکھیں

## پروگرامز

بروکلن پبلک لائبریری ہر عمر کے لیے ہر قسم کے پروگرام مفت پیش کرتی ہے۔

**بالغوں کے لیے پروگرامز**

- ESOL اور بات چیت گروپ کے ساتھ انگریزی سیکھیے
- ملازمت اور کیریئر میں مدد
- لکھنے پڑھنے کی کلاسیں
- امیگریشن سے متعلق قانونی مدد
- کمپیوٹر کی کلاسیں
- ہائی اسکول اکویلنسی کی کلاسیں

**نوجوانوں اور فیملی کے پروگرامز**

- ملٹی لنگول اسٹوری ٹائمز
- شیر خوار، ننھے بچوں اور اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے پڑھنے اور سیکھنے کے پروگرامز
- ہوم ورک کے سلسلہ میں مدد
- ثقافتی تقریبات
- نوجوان رضاکاروں کے لیے مواقع
- نوعمر جوانوں کے لیے ٹیکنالوجی کے پروگرامز

***bklynlibrary.org/calendar***

## عملہ اور خدمات

بروکلن پبلک لائبریری کا عملہ:

- ایک خوشگوار ماحول فراہم کرے گا
- آپ کی ذاتی معلومات کی حفاظت کرے گا۔
- جملہ ارکان کے ساتھ منصفانہ، مؤدبانہ انداز اور احترام کے ساتھ پیش آئے گا
- وسائل اور معلومات تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرے گا
- سب کی خدمت کریں گے قطع نظر ۔ عمر، نسل، مذہب، جنس، امیگریشن کی حیثیت، جنسی رجحان، یا جسمانی قابلیت




لائبریری پالیسیوں کی ہماری مکمل فہرست کے لیے، ***bklynlibrary.org/policies*** ملاحظہ کریں

## سوال و جواب

**میں اپنے اکاؤنٹ تک رسائی کیسے حاصل کروں گا؟**



ہماری ویب سائٹ پر، یا کسی بھی بروکلن پبلک لائبریری برانچ پر سیلف چیک کیوسک پر، ہماری موبائل ایپ کا استعمال کرتے ہوئے اپنے بارکوڈ اور PIN کی مدد سے لاگ ان کریں ۔

**میرا لائبریری PIN کیا ہے؟**

آپ کا ڈیفالٹ PIN آپ کی سالگرہ ہے، جس میں دو ہندسے مہینہ کے لیے اور دو ہندسے دن کے لیے ہیں۔ مثلاً اگر آپ کی تاریخ پیدائش ۱۳ اکتوبر ہے تو آپ کا ڈیفالٹ پاسورڈ ۱۰۱۳ ہے۔

**کیا میں لائبریری میں کمپیوٹر استعمال کر سکتا/ سکتی ہوں؟**

ہاں، آپ اپنے لائبریری کارڈ کے ساتھ لائبریری کمپیوٹر استعمال کر سکتے ہیں۔

**کیا میں پرنٹ کر سکتا/سکتی ہوں یا فوٹو کاپیاں بنا سکتا/سکتی ہوں؟**

ہاں، سیاہ اور سفید کاپی ۱۰ سینٹ اور رنگین کاپی ۵۰ سینٹ۔ کسی بھی بروکلن پبلک لائبریری برانچ میں آپ کسی لائبریری کمپیوٹر سے پرنٹ کر سکتے ہیں، یا اپنے خود کے ڈیوائس سے پرنٹ پک اپ کے لیے آئٹمز بھیج سکتے ہیں۔ *bklynlibrary.org/print* ملاحظہ کریں

**کیا آپ کے پاس WiFi ہے؟**

ہاں، کسی بھی بروکلن پبلک لائبریری مقام پر WiFi مفت حاصل کریں (کسی لائبریری کارڈ کی ضرورت نہیں ہوگی)۔ بہت ساری برانچوں میں توسیعی WiFi سگنل موجود ہے اس لیے آپ باہر مفت WiFi تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**کیا آپ کے پاس میری زبان میں مواد موجود ہیں؟**

اپنی زبان میں بروکلن پبلک لائبریری کیٹلاگ تلاش کریں یا *bklynlibrary.org/catalog* پر وہ زبان منتخب کریں جو آپ تلاش کر رہے ہیں

**میں لائبریری کے مختلف پروگراموں کو کیسے تلاش کر سکتا/سکتی ہوں؟**

مدد کے لیے عملہ کے کسی رکن سے دریافت کریں یا درج ذیل ملاحظہ کریں *bklynlibrary.org/calendar*

**کیا لائبریری کارڈ کی میعاد ختم ہو جاتی ہے؟**

ہاں، آپ کو وقفہ وقفہ سے تجدید کی ضرورت پڑے گی۔ درج ذیل ملاحظہ کریں *bklynlibrary.org/renew*

**اگر میں نے اپنا لائبریری کارڈ کھو دیا تو کیا ہوگا ؟**

اپنی مقامی لائبریری کو کال کرکے یا وہاں تشریف لے جاکر عملہ کے کسی رکن کو بتائیں یا درج ذیل *bklynlibrary.org/contact* ملاحظہ کریں

Bklyn Public Library